**Series ΨYZXW/C** **Set-4**

**Q.P. Code 5(B)**

Roll No.

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو(کورس B)

# URDU (Course B)

وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۸۰

Time allowed : **3** hours Maximum Marks : **80**

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **14** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **11** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **14** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ چار حصوں پر مشتمل ہے۔

(ii) حصہ (الف)، عبارت فہمی اور شعر فہمی پر مبنی ہے اور ***20*** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ (ب)، تحریری مہارت ***25*** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ (ج)، عملی قواعد ***20*** نمبر کا ہے۔

(v) حصہ (د)، ادب ***15*** نمبر کا ہے۔

(vi) سوال نامہ میں کل ***14*** سوالات ہیں۔ ہدایات کے مطابق تحریر کیجیے۔

**Instructions :**

(i) This Question Paper contains ***four*** sections.

(ii) **Section A** "Reading and Comprehension", carries ***20*** marks.

(ii) **Section B** "Writing Skills", carries ***25*** marks.

(iv) **Section C** "Functional Grammar", carries ***20*** marks.

(v) **Section D** "Literature", carries ***15*** marks.

(vi) This Question Paper comprises of ***14*** questions write the answer as per instructions.

## (حصہ۔الف) : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## Section A Reading and Comprehension (20 Marks)

**1.** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ *5×1=5*

"ڈاکٹر رادھا کرشنن کی پیشہ ورانہ زندگی کی ابتدا تدریس و تعلیم سے ہوئی۔ سب جانتے ہیں کہ مدراس یونیورسٹی سے فلسفے میں امتیازی نمبروں سے ایم۔اے کرنے کے بعد وہیں پریزیڈنسی کالج میں پڑھانے لگے۔ اس وقت ان کی عمر صرف 21 سال تھی۔ اس کے بعد جلد ہی میسور یونیورسٹی میں پروفیسر ہوگئے۔ ڈاکٹر رادھا کرشنن علم کے رسیا تھے۔ وہ علمی تقریروں اور

پروگراموں میں بڑی دلچسپی لیتے تھے۔ سیاسی و علمی تقریر میں وہ خاصی مہارت رکھتے تھے۔ ایک بار کلکتہ یونیورسٹی میں سیمینار ہوا۔ اس سیمینار کے ذریعے ایک قابل استاد کا انتخاب کیا جانا تھا۔ ڈاکٹر رادھا کرشنن نے اس پروگرام میں ایسی تقریر کی کہ لوگ حیرت میں پڑ گئے۔ فوراً انہیں یونیورسٹی نے اپنے یہاں بلالیا۔ چند دنوں بعد مدراس یونیورسٹی میں وائس چانسلر کے عہدے پر فائز کر دیا گیا۔ ایک سال بعد بنارس ہندو یونیورسٹی کے وی۔ سی بنائے گئے۔ آگے چل کر ڈاکٹر رادھا کرشنن کا انتخاب یونیسکو کے صدر کے طور پر کیا گیا''۔

(i) ڈاکٹر رادھا کرشنن کی پیشہ ورانہ زندگی کی شروعات کیسے ہوئی؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) سیر و سیاحت سے
(b) تفریح اور عیش سے
(c) تجارت سے
(d) تدریس و تعلیم سے

(ii) 21 سال کی عمر تک ڈاکٹر رادھا کرشنن نے کون سی ڈگری حاصل کر لی تھی؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) بی۔اے
(b) ایم۔اے
(c) پی۔ایچ۔ڈی
(d) ایم فل

(iii) اس اقتباس میں کل کتنی یونیورسٹیوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ تعداد بتائیے۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) کلکتہ یونیورسٹی نے ڈاکٹر رادھا کرشنن کو فوراً اپنے یہاں کیوں بلالیا تھا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) وی۔ سی، بنائے جانے کے بعد ڈاکٹر صاحب کا انتخاب کس عہدے پر کیا گیا؟ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**2.** مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5 \times 1 = 5$

ابھی بھی سورج کی طرح روشن ہے گاندھی جی کا نام
ہند والوں کی طرف سے تم کو باپو جی سلام
اونچی رکھی تم نے مٹ کر جنگِ آزادی کی شان
تم سے باقی ہے ابھی اپنے وطن کی آن بان
ہند والوں کی طرف سے تم کو باپو جی سلام
سادگی کو تم نے اپنایا وطن کے واسطے
اور لہو اپنا دیا ہے اس چمن کے واسطے
ہند والوں کی طرف سے تم کو باپو جی سلام

(i) اس نظم میں کس مشہور قومی رہنما کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ؟ ۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) گاندھی جی (b) جواہر لعل نہرو

(c) ابوالکلام آزاد (d) سبھاش چندر بوس

(ii) ''ہندوالوں'' کون ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) انسان (b) ہندوستانی

(c) قومی رہنما (d) باپو جی

(iii) آن بان کس کی باقی ہے ؟۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) خود کو مٹا کر کس کو اونچا رکھا ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) وطن کے واسطے کیا کیا ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**3.** درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

" یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ یہ لوگ جو زبان بولتے تھے اسے آریائی زبان کہتے ہیں۔ سنسکرت اسی کی ایک شاخ ہے۔ یونان، جرمن پرانے زمانے کی فارسی اور یوروپ کی کئی زبانیں اسی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ اور جب تم آگے بڑھ کر اب زبانوں کو پڑھو گے تو معلوم ہوگا کہ سب ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں۔ زبانوں کی کہانی بڑی لمبی ہے۔ مزے دار ہے مگر یہاں اس کے بیان کرنے کا موقع نہیں ہے۔ بس یہ یاد رکھنا چاہیے کہ سنسکرت انہیں ہندوستانی آریوں کی زبان تھی۔ تمام لوگ سنسکرت نہیں بول سکتے تھے۔ یہاں پرانے بسنے والے یا تو اپنی پرانی بولیاں بولتے تھے یا ملی جلی زبانیں بولتے تھے ان کو پراکرت کہتے ہیں۔ پراکرت ایک زبان نہیں تھی بلکہ الگ الگ علاقوں کی الگ پراکرتیں تھیں"۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ ۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) زبانوں کا گھر ہندوستان (b) قول کا پاس

(c) کاٹھ کا گھوڑا (d) پانی کی آلودگی

(ii) اس اقتباس کے لکھنے والے کا نام کیا ہے ؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) حبیب تنویر (b) سید احتشام حسین

(c) رتن سنگھ (d) نظیر اکبر آبادی

(iii) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے ؟۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) آگے بڑھ کر زبانوں کو پڑھنے پر کیا معلوم ہوگا ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) کیا بات یاد رکھنی چاہیے ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

**4.** درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5 \times 1 = 5$

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

میں جو بولا ، کہا کہ یہ آواز
اسی خانہ خراب کی سی ہے

(i) اس غزل کے شاعر کا نام کیا ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نظیر اکبر آبادی

(b) بشر نواز

(c) ساحر لدھیانوی

(d) میر تقی میر

(ii) 'ہستی' کے کیا معنی ہیں؟۔ درج ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) بستی (b) وجود (c) تلاش (d) ذات

(iii) بار بار شاعر کس کے در پہ جاتا ہے ؟۔ (ایک لفظ میں جواب لکھیے)۔

(iv) لبوں کی طرح نازک کیا ہے ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(v) شاعر کی آواز سن کر کیا کہا گیا ؟۔ (ایک جملے میں جواب لکھیے)۔

(حصہ۔ب) : تحریری مہارت(25نمبر)

## Section B Writing Skills (25 Marks)

**5.** درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر 250 الفاظ کا مضمون لکھیے۔ *1×10=10*

(i) یوم جمہوریہ

(ii) اسکول کی پکنک

(iii) ایک یادگار سفر

(iv) کسی کھیل کا آنکھوں دیکھا حال

(v) پسندیدہ شخصیت

**6.** (a) اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ *1×5=5*

**یا**

(b) دوست کو خط لکھ کر اُس کا حال معلوم کیجیے۔

**7.** (a) ''کنھیّا لال کپور'' یا ''حبیب تنویر'' میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔ *1×5=5*

**یا**

(b) انشائیہ ''بے تکلفی'' کا مرکزی خیال لکھیے یا ''زبانوں کا گھر ہندوستان'' کا خلاصہ لکھیے۔

**8.** (a) ''اسمٰعیل میرٹھی'' یا ''اقبال'' میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ *1×5=5*

**یا**

(b) ''اے شریف انسانو!'' یا ''قدم بڑھاؤ دوستو!'' میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھیے۔

(حصہ۔ج) : عملی قواعد (20 نمبر)

## Section C Functional Grammar (20 Marks)

**9.** درج ذیل میں سے صرف آٹھ سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔ *8×2=16*

(i) ''فٹ بال ورلڈ کپ 2027 میں ہوگا''۔ یہ فعل کی کون سی قسم ہے؟

(a) فعل حال (b) فعل معروف (c) فعل مستقبل (d) فعل مجہول

(ii) ''استاد نے شاگردوں کی دعوت کی''۔ یہ فعل کی کون سی قسم ہے؟

(a) فعل معروف (b) فعل حال (c) فعل مجہول (d) فعل مستقبل

(iii) ''تاج محل ایک شاندار عمارت ہے'' ۔اس جملے میں اسم معرفہ کیا ہے؟

(a) شاندار (b) عمارت (c) تاج محل (d) ایک

(iv) ''دوستو! ہم سب کو گھومنے چلنا چاہیے''۔اس جملے میں استعمال کی گئی اس ''!'' علامت کو کیا کہتے ہیں؟

(a) ندائیہ (b) وقفہ (c) قوسین (d) واوین

(v) 'نزدیک' کا متضاد کیا ہے؟

(a) دُور (b) پاس (c) آگے (d) اونچا

(vi) 'سکون' کا مترادف بتائیے۔

(a) حال (b) آرام (c) سخت (d) ناراض

(vii) 'خط' کی جمع کیا ہے؟

(a) خطہ (b) ختمہ (c) خطوط (d) اختر

(viii) 'افواج' کا واحد کیا ہے؟

(a) فوائج (b) افواجوں (c) فوجی (d) فوج

(ix) 'خوشبو' میں 'بو' کیا ہے؟

(a) ضمیر (b) سابقہ (c) متضاد (d) لاحقہ

(x) 'ملکہ' کا مذکّر کیا ہے؟

(a) مالک (b) ملک (c) بادشاہ (d) شہزادی

**10.** درج ذیل الفاظ، محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ *4×1=4*

(i) رفتار

(ii) فخر

(iii) چھٹی کا دودھ یاد آنا

(iv) دانتوں میں انگلیاں دبانا

(v) ہینگ لگے نہ پھٹکری

(vi) جیسی کرنی ویسی بھرنی

## (حصہ۔د) : ادب(15نمبر)
## Section D Literature (15 Marks)

**11.** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔(درسی کتاب۔ حصّہ نثر) $3\times2=6$

(i) سعادت علی کیسا آدمی تھا ؟

(ii) پیروں میں پہیے لگوانے سے بندو کی کیا مراد تھی ؟

(iii) رضیہ سلطان کی کیا خوبیاں تھیں ؟

(iv) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

**12.** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(درسی کتاب۔ حصّہ نثر) $2\times1=2$

(i) ڈاکٹر امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا ؟

(ii) لین شو کس کہانی کا کردار ہے ؟

(iii) سبق ''بے تکلفی'' کس نے لکھا ہے ؟

**13.** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(درسی کتاب۔ حصّہ نظم) $2\times2=4$

(i) چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں ؟

(ii) نظم '' نیکی اور بدی'' میں 'کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) انسان کی زندگی کی کیا حقیقت ہے ؟

**14.** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(درسی کتاب۔حصّہ نظم) $3 \times 1 = 3$

(i) گلہری ایسا کون سا کام کر سکتی ہے جو پہاڑ نہیں کر سکتا ؟

(ii) نظم" اے شریف انسانو!" کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(iii) نصاب میں شامل بشر نواز کی نظم کا نام کیا ہے ؟